Jubilee
LIFE INSURANCE



# میڈیکل سیکنڈ اوپینین

صحت کی بہتر دیکھ بھال
کے لیے کوشاں

MediGuide

کسی شدید بیماری کی تشخیص، کسی بھی انسان کے لیے ایک چیلنج ہوسکتی ہے اور اُس کی زندگی بدل سکتی ہے، بالخصوص جب اُسے تشخیص کے حوالے سے شکوک وشبہات ہوں۔ اگر آپ کا وقت، علاج کے بجائے صحیح تشخیص ڈھونڈنے میں گزر جائے تو اس کے نتائج خطرناک ہوسکتے ہیں۔

خطرناک طبّی حالت کے بارے میں مشکل فیصلے کرتے وقت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کی رسائی تمام معلومات تک ہے اور آپ کے سامنے تمام دستیاب اختیارات موجود ہیں، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ، میڈی گائیڈ کے اشتراک سے آپ کے لیے لائی ہے، "میڈیکل سیکنڈ اوپینین" پروگرام۔ میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) آپ کے لیے پیش کرتا ہے، دنیا بھر میں مقیم اسپیشلسٹس کی جانب سے طبّی رائے حاصل کرنے کا اختیار تاکہ آپ کے مرض کی تشخیص بھی ٹھیک ہو اور آپ کو ٹریٹمنٹ پلان بھی صحیح طور پر مل سکے۔ یہ پلان آپ کی صحت کے حوالے سے باخبر فیصلے کرنے میں آپ کا معاون ہوگا۔

## میڈی گائیڈ کے بارے میں

آج ہم جدید تحقیق کے دور میں رہتے ہیں، جہاں طبّی تشخیص اور بیماری کے علاج کے حوالے سے اہم پیش رفت کے اعلانات، روزمرّہ کی زندگی کا حصہ ہیں۔ جب ہم خدانخواستہ کسی خطرناک مرض سے دوچار ہوتے ہیں تو ہم دنیا بھر کے بہترین میڈیکل سروس فراہم کرنے والے اداروں سے اُس مرض کے متعلق جتنا بھی ممکن ہو، زیادہ سے زیادہ معلومات تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں تاکہ اپنی یا اپنے پیاروں کی صحت کے بارے میں مشکل فیصلے کرنے میں رہنمائی حاصل کرسکیں۔

**میڈی گائیڈ آپ کی مدد کرسکتا ہے!** 1999 میں امریکا میں قائم شدہ میڈی گائیڈ، آج دنیا بھر میں اپنے دفاتر کے نیٹ ورک سے نارتھ امریکا، ساؤتھ امریکا، یورپ اور ایشیا میں لاکھوں ممبران کی خدمت کررہا ہے۔ ساری دنیا کے مشہور اسپتالوں اور طبّی مراکز کے ساتھ کام کرتے ہوئے میڈی گائیڈ نے مریضوں اور اُن کے معالجین کے ساتھ کام کرنے کو اپنا مقصد بنایا ہے تاکہ مریض اپنی تشخیص اور ٹریٹمنٹ پلان کا جائزہ لینے کے لیے اِن میڈیکل سینٹرز میں آسانی سے رسائی حاصل کرسکیں۔

اگر آپ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ کمپنی کے پالیسی ہولڈر ہیں تو (2273) 111-11-CARE پر کال کرکے میڈی گائیڈ کی میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) سروسز حاصل کرسکتے ہیں۔

## میڈیکل سیکنڈ اوپینین کی خصوصیات

- دنیا بھر میں مقیم طبّی ماہرین کی جانب سے ماہرانہ طبّی رائے
- صحیح تشخیص اور ٹریٹمنٹ پلان تلاش کرنے میں وقت کی بچت
- میڈیکل ڈیٹا کے محفوظ اور بے خطر استعمال کی پیشکش
- لامحدود استعمال

## میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) ہی کیوں؟

میڈی گائیڈ کے وہ ممبران جن کی کسی بھی طبّی حالت کی تشخیص ہو چکی ہے، ( بشمول سرطان، فالج، دل کا دورہ، گردوں کا ناکارہ ہوجانا، کورونری بائی پاس سرجری، کسی اہم عضو کی پیوندکاری، اپنے مرض سے متعلق تشخیص اور اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ کہ ریسرچرز کے تیار کردہ جدید ترین ٹریٹمنٹ پلانز حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ پروگرام، ممبرز کو مکمل معلومات فراہم کرتا ہے اور اُن کی صحت کے بارے میں مشکل فیصلے کرنے کے حوالے سے انہیں مشورہ دیتا ہے۔ WLMC ( ورلڈ لیڈنگ میڈیکل سینٹرز ) کی جانب سے 10 کاروباری ایّام کے دوران سیکنڈ اوپینیز فراہم کر دیے جاتے ہیں کیونکہ ہونے والی کسی خطرناک بیماری میں ذہنی سکون ایک بہترین دوا ہو سکتی ہے۔

## میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) کیسے کام کرتا ہے؟

میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) سروس مندرجہ ذیل 6 آسان اسٹیپس کے ذریعے حاصل کی جاسکتی ہے:

1۔ مریض ( ممبر یا اُس کا/ کی شریکِ حیات / بچے /ایشورڈ ہونے والے شخص کے ماں باپ ) کی طبّی حالت کی تشخیص۔

2۔ ممبر میڈی گائیڈ کے مقامی سروس سینٹر (111-11-CARE) میں اہلیت قائم کرنے کے لیے کال کرے اور میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) سروس کا آغاز کرے۔

3۔ مریض جو اپنے میڈیکل ریکارڈ اور تفصیلات نکلوانے کے لیے لازماً رضامندی کے فارم پر دستخط کرے۔ اُس کے بعد بنیادی معالج، میڈی گائیڈ کے لیے مریض کا متعلقہ میڈیکل ریکارڈ تیار کرے گا۔

4۔ میڈی گائیڈ، جائزہ فراہم کرنے کے لیے دستیاب 3 میڈیکل سینٹرز کی نشاندہی کرے گا اور اُن کے نام مریض اور بنیادی معالج کو دے گا۔

5۔ مریض اور بنیادی معالج، میڈیکل سیکنڈ اوپینین کے استعمال کے لیے، فراہم کردہ 3 ناموں میں سے اپنی مرضی کے مطابق میڈیکل سینٹر کا انتخاب کرتے ہیں۔

6۔ میڈیکل ریکارڈز کی وصولی کے 10 دن کے اندر، مریض اور/یا بنیادی معالج کو، منتخب کردہ میڈیکل سینٹر سے اصل تشخیص اور مجوزہ ٹریٹمنٹ پلان کا تحریری تجزیہ موصول ہوگا۔

1



ممبر کی طبی حالت کی تشخیص ہوتی ہے

2



مریض یا معالج اپنی اہلیت جانچنے اور سیکنڈ اوپینین کے آغاز کے لیے
میڈی گائیڈ کے آفس کو (2273)111-11-CARE پر کال کرتا ہے

3



میڈی گائیڈ، جائزہ فراہم کرنے کے لیے دستیاب، 3 معروف میڈیکل
سینٹرز کی نشان دہی کرتا ہے اور اُن کے نام مریض کو دیتا ہے

4



مریض اور معالج، اپنی مرضی کے مطابق میڈیکل سینٹر کا انتخاب کرتے ہیں

5



معالج کا آفس، منتخب میڈیکل سینٹر کو بھیجنے کے لیے متعلقہ مریض کا
میڈیکل ریکارڈ تیار کرے گا

6



وصولی کے 10 کاروباری ایاّم کے اندر، مریض اور معالج دونوں کو
منتخب کردہ میڈیکل سینٹر سے تجزیہ موصول ہوگا

اگر آپ یا معالج، ترجیح دیتے ہیں کہ آپ کے میڈیکل ریکارڈ کا تجزیہ، اہل میڈیکل سینٹر کے ذریعے ہو لیکن آپ نے ابتدائی طور
پر اِس کی نشان دہی نہیں کی ہے تو براہِ مہربانی، معاونت کے لیے میڈی گائیڈ سے رابطہ کریں۔

## زیادہ تر پوچھے جانے والے سوالات

### 1۔ مجھے میڈیکل سیکنڈ اوپینین کب لینا چاہیے؟

میڈیکل سیکنڈ اوپینین کے لیے ضرورت کا بہترین تعین، آپ کے بنیادی معالج، آپ اور آپ کے گھر والوں کے درمیان گفتگو کے ذریعے ہوسکتا ہے۔

### 2۔ میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس کے ذریعے کون سی طبّی حالتیں کور ہوتی ہیں؟

میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس کے ذریعے کسی بھی قسم کی تشخیص شدہ طبّی حالت کور ہوتی ہے۔ اس فہرست کا باقاعدگی کے ساتھ جائزہ لیا جاتا ہے اور دنیا کے جن معروف میڈیکل سینٹرز کے ساتھ میڈی گائیڈ کام کررہا ہے وہاں ہونے والی ترقی کے ساتھ ساتھ یہ فہرست طویل ہوتی جاتی ہے۔ ان کی ریسرچ اور ٹیکنالوجی کے حوالے سے ترقی اس بات کو ممکن بنا رہی ہے کہ ماضی کے مقابلے میں دوردراز کے علاقوں سے زیادہ طبّی حالتوں کے لیے میڈیکل سیکنڈ اوپینین لیے جائیں۔

### 3۔ دنیا کے معروف میڈیکل سینٹرز (WLMC) کے نام کیا ہیں، جو سیکنڈ اوپینین پروگرام کا حصہ ہیں؟

مجموعی طور پر، میڈی گائیڈ آج کل چار براعظموں میں 100 سے زیادہ اسپتالوں کے ساتھ کام کررہا ہے اور اس تعداد میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے۔ سہولتوں کا ایک نمونہ درج ذیل ہے، تاہم یہ فہرست کوالٹی کنٹرول کی کوششوں کی بنیاد پر تبدیل ہوجاتی ہے:

- ہارورڈ میڈیکل اسکول ٹیچنگ ہاسپٹلز ۔ امریکہ
- بوسٹن چلڈرن ہاسپٹل ۔ امریکہ
- کنگز کالج آف لندن ۔ لندن، برطانیہ
- بیجنگ کینسر ہاسپٹل ۔ چین
- سیول نیشنل یونیورسٹی ہاسپٹل ۔ کوریا
- وجتھانی ہاسپٹل ۔ تھائی لینڈ
- پارک وے ہاسپٹلز ۔ سنگاپور

آپ WLMCs کی فہرست www.mediguide.com.pk پر باآسانی دیکھ سکتے ہیں۔

### 4۔ کیا سیکنڈ اوپینین سروس کا آغاز کرنے کے لیے مجھے کوئی فارم پُر کرنا ہوگا؟

جی ہاں! آپ کو ممبر کی معلومات اور ٹ کی رضا مندی کا فارم پُر کرنا ہوگا، اِن فارمز کی نقول www.mediguide.com.pk پر دستیاب ہیں۔

### 5۔ میرے میڈیکل ریکارڈز کون نکلوائے گا اور کیا وہ نجی رہیں گے؟

میڈی گائیڈ، متعلقہ میڈیکل ریکارڈ نکلوانے کے لیے آپ کے معالج کے ساتھ مل کر کام کرے گا اور اُسے منتخب کردہ میڈیکل سینٹر میں بھیجے گا۔ اس بات پر یقین رکھیں کہ میڈی گائیڈ HIPAA کی تعمیل کرتا ہے اور اسٹیٹ اور وفاقی رہنمائی کی تقلید کرتا ہے۔

## 6۔ میڈیکل سیکنڈ اوپینین حاصل کرنے کے لیے کتنی فیس ادا کرنا ہوگی؟

میڈیکل سیکنڈ اوپینین (MSO) سروس، پلان کی نوعیت کی مناسبت سے، سالانہ ممبر شپ فیس ادا کر کے حاصل کی جاسکتی ہے، جیسا کہ درج ذیل جدول میں دکھایا گیا ہے:

| پلان کی نوعیت | سالانہ ممبر شپ فیس (روپے) |
|---|---|
| لائف ایشورڈ (اپنی) | 819 |
| لائف ایشورڈ + شریک حیات | 1,188 |
| لائف ایشورڈ + شریک حیات + بچے | 1,365 |
| ایکسٹنڈڈ فیملی* | 2,129 |

*لائف ایشورڈ + شریک حیات + بچے + ایشورڈ ہونے والے شخص کے ماں باپ

ممبر کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس کے تحت پیش کیے جانے والے مذکورہ بالا پلانز میں سے کسی بھی پلان کا انتخاب کرے۔

## 7۔ "ایکسٹنڈڈ فیملی" کے تحت کون کور ہوتا ہے؟

"ایکسٹنڈڈ فیملی" پلان کے تحت، آپ، آپ کی / کا شریک حیات، بچے اور والدین، میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

## 8۔ کیا میڈیکل سیکنڈ اوپینین کے لیے، میڈیکل سینٹر میں ڈاکٹر مجھے دیکھے گا؟

جی نہیں! آپ کی میڈیکل فائلز بذریعہ میڈی گائیڈ، منتخب کردہ سینٹرز کو بھیج دی جائیں گی۔ دس کاروباری ایام کے اندر آپ اور آپ کا معالج، آپ کی تشخیص اور مجوزہ ٹریٹمنٹ پلان کا ایک آزادانہ تحریری تجزیہ وصول کریں گے۔

## 9۔ میڈیکل سیکنڈ اوپینین وصول کرنے کے بعد اگلا مرحلہ کیا ہوگا؟

آپ کو میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس کی سفارشات کے متعلق اپنے ڈاکٹر سے گفتگو کرنا چاہیے۔ میڈیکل سیکنڈ اوپینین میں موجود معلومات، مریضوں اور اُن کے گھر والوں کو اہم ذہنی سکون فراہم کرسکتی ہیں اور آپ کو، آپ کی صحت اور ٹریٹمنٹ پلان کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے کا اہل بناسکتی ہیں۔ اپنے ڈاکٹر کے ساتھ مشاورت کے نتیجے میں یہ معلومات، مقامی طور پر انتظام شدہ نئے ٹریٹمنٹ پلان کے حصول کے لیے رہنمائی بھی کرتی ہیں۔

## 10۔ میڈیکل سیکنڈ اوپینین، اصل تشخیص اور علاج سے مختلف ہونے کی صورت میں کیا ہوگا؟

آپ کو میڈیکل سیکنڈ اوپینین کے نتیجے کے حوالے سے اپنے ڈاکٹر سے گفتگو کرنا چاہیے۔ مختلف تشخیص یا ٹریٹمنٹ پلان کے ساتھ میڈیکل سیکنڈ اوپینین موصول ہونے کے بعد اگر آپ اور آپ کے ڈاکٹر کے ذہن میں تشخیص یا ٹریٹمنٹ پلان کے حوالے سے کوئی سوالات ہیں تو میڈی گائیڈ بخوشی وہ سوالات اُس میڈیکل سینٹر میں جمع کرائے گا جس نے تجزیہ فراہم کیا تھا۔ بعض معاملات

میں میڈی گائیڈ یہاں تک کرے گی کہ وضاحت دینے، اور اس سے بھی زیادہ اہم یہ کہ آپ کو ذہنی سکون فراہم کرنے کے لیے، کسی دوسرے میڈیکل سینٹر سے آپ کو تیسری رائے فراہم کی جائے۔

**11۔ کیا اپنا میڈیکل ریکارڈ نکلوانا میری ذمہ داری ہے؟**

جی نہیں! ایک دفعہ پاکستان میں میڈی گائیڈ کے کلائنٹ ایڈمنسٹریشن فوکس میں 111-11-CARE (2273) پر کال کر کے میڈیکل سیکنڈ اوپینین کے طریقہ کار اور اپنی معلومات دینے کی رضامندی کے بعد میڈی گائیڈ، متعلقہ میڈیکل ریکارڈ نکلوانے کے لیے آپ اور ڈاکٹر کے ساتھ مل کر کام کرے گا۔

**12۔ میں کتنی مرتبہ میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس استعمال کر سکتا ہوں؟**

جب تک آپ میڈی گائیڈ کے ممبر ہیں اور آپ یا آپ کی فیملی کو، کور ہونے والی تشخیص شدہ طبّی حالت کے لیے میڈیکل سیکنڈ اوپینین درکار ہے، آپ جتنی مرتبہ چاہیں میڈی گائیڈ سروس استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے استعمال کی کوئی حد نہیں ہے۔

**13۔ میرے علاوہ میڈی گائیڈ کی میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروسز اور کون حاصل کر سکتا ہے؟**

آپ کے علاوہ آپ کا وسیع خاندان میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروس تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے آپ کی / کا شریک حیات، بچے یا ایکسٹنڈڈ فیملی۔ یہ اس بات پر بھی منحصر ہے کہ آپ نے جوبلی لائف انشورنس (JLI) کا کون سا پلان خریدا ہے۔

**14۔ میڈی گائیڈ اپنے میڈیکل سینٹرز کا انتخاب کس طرح کرتا ہے؟**

اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ میڈیکل سینٹرز کا پینل، میڈیکل سیکنڈ اوپینین سروسز فراہم کرنے کا اہل ہے، میڈی گائیڈ، پینل کا جائزہ مسلسل بنیادوں پر لیتا رہتا ہے۔ عام طور پر یہ WLMCs ریسرچ سینٹرز ہیں۔

**15۔ کیا میڈیکل سیکنڈ اوپینین کے تحت کوئی استثنا ہے؟**

مندرجہ ذیل طبّی حالتوں کے علاوہ ہر زیادہ تر حالات کے تحت میڈی گائیڈ ممبرز، میڈیکل سیکنڈ اوپینین کی درخواست کر سکتے ہیں:

- ممبر کو تشخیص موصول نہیں ہوئی ہو- WLMCs کی جانب سے تشخیص کی تصدیق اور کسی مخصوص طبّی حالت کے حوالے سے علاج کی سفارشات فراہم کرنے کے لیے، میڈی گائیڈ ممبر کو بطور بنیادی حق، اپنے معالج کے ذریعے لازماً باضابطہ تشخیص ملنا چاہیے۔
- گزشتہ 12 ماہ میں معالج نے ممبر کی تشخیص نہ کی ہو- میڈی گائیڈ ممبرز کو متعلقہ علاج کی سفارشات فراہم کرنے کے لیے، WLMCs کو حالیہ میڈیکل ریکارڈ درکار ہوتا ہے۔
- ہنگامی حالتیں اور علاج- اگر کسی میڈی گائیڈ ممبر کو فوری طبّی توجہ کی ضرورت ہو تو اُسے فوری طور پر اپنے معالج سے رجوع کرنا چاہیے اور MSO آنے کے انتظار میں، تاخیر نہیں کرنا چاہیے۔
- جسمانی طور پر ممبر کی تشخیص مطلوب ہو- مخصوص طبّی حالتوں میں ہمیشہ جسمانی معائنے اور تشخیص کی

ضرورت ہوگی (مثال کے طور پر ذہنی مرض)۔ واضح طور پر، اس طرح کے کیسز دور دراز کے علاقوں سے میڈیکل سیکنڈ اوپینین وصول کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

## اعلانات:

- میڈیکل سیکنڈ اوپینین پروگرام صرف ایک سروس ہے اور سفارشی علاج کے طریقہء کار سے ہونے والے طبّی اخراجات کی ادائیگی نہیں کی جاتی۔
- جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ یا اُس کے کسی ملحقہ ادارے نے نہ ہی اس سروس کو انشورڈ کیا ہے، نہ ہی اس کی ضمانت دیتا ہے اور نہ ہی یہ کمپنی کی سروس ہے۔ جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ، میڈی گائیڈ کی جانب سے بطور سروسز ڈسٹری بیوٹر کام کر رہی ہے اور کسی بھی شخص کے سامنے، جو یہ سروسز حاصل کر رہا ہے، کسی بھی طرح سے، کسی بھی بات کی ذمہ دار نہیں ہے اور نہ ہوگی۔

## رابطے کی تفصیلات:

مزید معلومات یا شکایات کی صورت میں براہِ کرم درج ذیل پتے پر رابطہ کریں:

### جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: 74/1-A لالہ زار، ایم ٹی خان روڈ کراچی 74000، پاکستان۔

ٹیلی فون: 35205094 ,32120201 (021)

فیکس: 35610959 (021)

یو اے این: 111-111-554 یا 8398 پر *JUBILEELIFE* لکھ کر ایس ایم ایس کریں

ای میل: complaints@Jubileelife.com, info@jubileelife.com

ویب سائٹ: www.jubileelife.com

### میڈی گائیڈ

یو اے این: (2273) 111-11-CARE

ویب سائٹ: www.mediguide.com.pk